ایک مسلمان کو جو بھی تکان، مرض، پریشانی، صدمہ، تکلیف یا غم پہنچتا ہے، حتی کہ اگر کوئی کانٹا بھی چبھتا ہے، تو اللہ تعالی اس کے بدلہ میں اس کے گناہ معاف کردیتے ہیں

ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "ایک مسلمان کو جو بھی تکان، مرض، پریشانی، صدمہ، تکلیف یا غم پہنچتا ہے، حتی کہ اگر کوئی کانٹا بھی چبھتا ہے، تو اللہ تعالی اس کے بدلہ میں اس کے گناہ معاف کردیتے ہیں"
[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ مسلمان کو جو بھی بیماریاں، غم، تکلیفیں، پریشانیاں، مصیبتیں، دشواریاں، خوف اور فاقہ لاحق ہوتے ہیں، یہاں تک کہ اسے ایک کانٹا بھی چبھتا ہے، جو اس کے لیے باعث تکلیف ہوتا ہے، تو یہ ساری چیزیں اس کے لیے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3701